# 12335 ـ کیا والدہ کا چچازاد محرم شمار ہوگا

**سوال**

میں اپنی والدہ کے چچازاد کے بارہ میں پوچھنا چاہتی ہوں کہ آیا وہ میرا محرم ہے کہ نہیں ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

آپ کی والدہ کا چچازاد آپ کی والدہ کا محرم نہیں چہ جائکہ آپ کا محرم بنے ، آپ کے لیے اس سے شادی کرنا جائز ہے اورآپ اس پر حرام نہیں ۔

محرم کی شروط میں یہ شامل ہے کہ وہ آپ پرابدی طور پر حرام ہو ، اس کی تفصیل کے لیے آپ سوال نمبر ( 5538 ) کے جواب کا مطالعہ کریں ۔

واللہ اعلم .